لا فتیٰ الّا علی لا سیف الّا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پُر نور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۳۵	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۹ ماہ صفر سنہ ۱۳۴۲ھ مطابق یکم اکتوبر سنہ ۱۹۲۳ء	نمبر ۴۰

فہرست مضامین

نقل حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پُر نور دام اقبالہم و ملکہم

تبدیلی عہدہ و اضافہ

۱۳ ستمبر سنہ ۱۹۲۳ء

حسب رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت و تعمیرات۔ منشی صدیق علی خان انجنیر کا عہدہ منیجر بحیثیت فیکٹریز تجویز کیا گیا۔ اور انجنیر کی آسامی تخفیف ہوی۔ انکی تنخواہ ایک سو پچاس روپیہ ماہوار مع الاؤنس ہوا کرتی تھی بجائے اس کے پچاس روپیہ ماہوار اضافہ بتفصیل تحت منظور فرما کر دو سو روپیہ تنخواہ کی گئی۔

اصل تنخواہ	الاؤنس
[illegible]	[illegible]

حکم اجلاس ہمایوں بندگانِ حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۲ ستمبر ۱۹۲۳ء

ثبت عرضداشت صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر در بابہ صدور حکم مستقل اختیارات مجسٹریٹی درجہ اول منشی یوسف علیخاں تحصیلدار شاہ آباد بوجہ انقضائے میعاد امتحانی چھ ماہ و دائر و فیصل ہونے مقدمات زائد بمقابلہ سال گذشتہ باظہار رفاہ رعایا بمقتضائے عرضداشت ۱۹ مارچ ۱۹۲۳ء خاص تحصیل شاہ آباد کے لیے۔

حسب استدعاء صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر منشی محمد یوسف علیخاں تحصیلدار شاہ آباد کو چھ ماہ کے لیے اختیارات مجسٹریٹی درجہ اول بحکم ۱۴ مارچ ۱۹۲۳ء عطا ہوئے تھے۔ نقشہ کارگذاری مقدمات سے واضح ہوا کہ دائرہ و فیصل بمقابلہ سال گذشتہ بہت زائد ہے۔ لہذا حسب رپورٹ صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر برائے آئندہ منشی یوسف علیخاں تحصیلدار شاہ آباد کو مستقل اختیارات مجسٹریٹی درجہ اول عطا کیے جاتے ہیں۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

ملخص حکم اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر

رخصت

۲۴ ستمبر ۱۹۲۳ء

حسب رپورٹ میونسپل افسر صاحب۔ رعائتی رخصت یک ماہ حبیب اللہ خاں انسپکٹر ریلوے اسٹیشن کی بضرورت کار خانگی یکم اکتوبر سنہ حال سے منظور کی گئی۔

ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۲۴ ستمبر ۱۹۲۳ء

منشی مصطفٰے حسین خاں صاحب قائم مقام تحصیلدار ملک کی مزید رخصت ۲۱ ستمبر ۱۹۲۳ء سے ۱۹ ستمبر تک بوجہ علالت منظور کی گئی۔ اور بوجہ سالتمام ہونے کے منشی حبیب شاہ خاں صاحب تحصیلدار نانہ جو صدر میں تعینات ہیں بجائے صاحب موصوف ملک جاکر کام انجام دینگے۔

مطبع سرکاری ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

نقشہ بارش ریاست رامپور من ابتدائے ۲۳ لغایت ۲۹ ستمبر ۱۹۲۳ء

تاریخ و دن	صدر عالیہ: تعداد ونگل	صدر عالیہ: ذخیرہ	تحصیل بلاسپور: تعداد ونگل	تحصیل بلاسپور: ذخیرہ	تحصیل سوار: تعداد ونگل	تحصیل سوار: ذخیرہ	تحصیل شاہ آباد: تعداد ونگل	تحصیل شاہ آباد: ذخیرہ	تحصیل ملک: تعداد ونگل	تحصیل ملک: ذخیرہ	تحصیل ٹانڈہ: تعداد ونگل	تحصیل ٹانڈہ: ذخیرہ
۲۳ ستمبر ۱۹۲۳ء یوم یکشنبہ	۹	۲۷۲	۲۲	۴۵۶	۲۲	۲۰۹½	۴	۲۳۴	۱۹	۲۳۱	۱۰	۲۰۸
۲۴ ستمبر ۱۹۲۳ء یوم دوشنبہ	۰	۲۷۲	۰	۴۵۶	۳½	۲۱۳	۰	۲۳۴	۴	۲۳۵	۰	۲۰۸
۲۵ ستمبر ۱۹۲۳ء یوم سہ شنبہ	۰	۲۷۲	۰	۴۵۶	۰	۲۱۳	۰	۲۳۴	۰	۲۳۵	۰	۲۰۸
۲۶ ستمبر ۱۹۲۳ء یوم چہارشنبہ	۰	۲۷۲	نقشہ نہیں آیا	۰	۰	۲۱۳	۰	۲۳۴	۰	۲۳۵	۰	۲۰۸
۲۷ ستمبر ۱۹۲۳ء یوم پنجشنبہ	۰	۲۷۲	//	۰	۰	۲۱۳	نقشہ نہیں آیا	۰	۰	۲۳۵	۰	۲۰۸
۲۸ ستمبر ۱۹۲۳ء یوم جمعہ	۰	۲۷۲	//	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	//	۰	۰	۲۳۵	۰	۲۰۸
۲۹ ستمبر ۱۹۲۳ء یوم شنبہ	۲۱	۲۹۳	//	۰	//	۰	//	۰	۲۴	۲۵۹	۱۴	۲۲۲

نقشہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۲۴ لغایت ۳۰ ستمبر ۱۹۲۳ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم		۸ سیر		۸ سیر		۸ سیر	دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص		۱۳ سیر		۱۲ سیر		۱۳ سیر	
نخود کثہ آمیز		۱۵ سیر		۱۶ سیر		۱۶ سیر	
[illegible]		۱۲ سیر		۱۴ سیر		۱۴ سیر	
[illegible]		۰		۰		۸ سیر	
[illegible]		۰		۰		۸ سیر	
[illegible]		۰		۰		۱۳ سیر	
[illegible]		۰		۲۰ سیر		۱۷ سیر	
[illegible]		۰		۰		۱۲ سیر	
[illegible]		۰		۰		۱۲ سیر	
ارہر		۰		۰		۱۲ سیر	
برنج		۴ سیر		۳ سیر		۵ سیر	
روغن زرد		۱ چھٹانک		۱ چھٹانک		۱۱ سیر	
روغن سیاہ		۱ سیر		۱ سیر		۱ سیر	
روغن تخمہ		۱ سیر		۱ سیر		۱ سیر	
نمک سانبھر		۸ سیر		۸ سیر		۸ سیر	
نمک لاہوری		۶ سیر		۵ سیر		۶ سیر	
قند سیاہ		۳ سیر		۳ سیر		۴ سیر	
[illegible]		۰		۰		۰	